# PRESS RELEASE

For immediate release
April 30, 2022

## SECP proposes changes to bring transparency in capital formation

ISLAMABAD, April 30: The Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP), in a bid to improve and ensure transparency in the process for capital formation has recommended a revamp of Companies (Further Issue of Shares) Regulations, 2020.

A concept paper, suggesting new modes and mechanics through which companies can raise capital, has been placed on SECP's website for public comments. The concept paper, in accordance with international best practices, has proposed to adopt an enhanced disclosure-based regime for issuance of right shares by the listed companies.

In this regime, the focus is increased to provide sufficient information to investors, enabling them to make informed decisions, increase investor protection. The proposed disclosure-based regiment will include, preparation of offering document with enhanced disclosures; seeking public comments of the Apex and Front-line regulator and publishing final offering document after incorporating the same, leading to completion of right issue.

In many countries like Malaysia, Thailand, Singapore and India, disclosure-based regime is now considered at the core for any capital raising activity by listed companies.

The paper also includes few considerations with regard to issuance of shares by listed companies by way of other than right including Employee Stock Option Schemes (ESOS).

Comments/input/feedback can be shared at capitalissuefeedback@secp.gov.pk.

# کیپٹل مارکیٹ کے ذریعے تشکیلِ سرمایہ کو مزید شفاف بنانے کے لئے اصلاحات تجویز: ایس ای سی پی

اسلام آباد، 30 اپریل: سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے لسٹڈ کمپنیوں کی جانب سے کیپٹل مارکیٹ کے ذریعے سرمائے کی تشکیل کے عمل کو مزید شفاف اور سرمایہ کاروں کے تحفظ کو یقینی بنانے کے پیش نظر، اضافی حصص کے اجراء کے ریگولیشنز میں جامع ترامیم تجویز کر دیں ہیں۔

مجوزہ اصلاحات میں کمپنیوں کے لئے تشکیلِ سرمایہ کے نئے طریق کار اور ماڈل تجویز کئے گئے ہیں۔ اس سلسلے میں بہترین بین الاقوامی اصولوں پر مبنی ایک کانسیپٹ پیپر جس میں لسٹڈ کمپنیوں کے رائٹ شئیرز کے اجراء سے متعلق تجاویز شامل ہیں، ایس ایس سی پی کی ویب سائیٹ پر رائے عامہ کے حصول کے لیے شائع کر دیا گیا ہے۔

مجوزہ ترامیم میں رائٹ شئیرز کے اجراء کے لئے کمپنیوں کی جانب سے معلومات کی فراہمی کو مزید جامع اور شفاف بنانے کے لئے اقدامات تجویز کئے گئے ہیں، جس کا مقصد سرمایہ کاروں فصلہ سازی کے لئے جامع معلومات کی دستیابی ہے تاکہ سرمایہ کار بہتر فیصلہ کر سکیں۔ نئی تجاویز میں کمپنیوں کی جانب سے جامع اور زیادہ معلومات پر مبنی آفرنگ دستاویز کی فراہمی؛ کمپنی کے مجوزہ منصوبے بارے عوامی رائے کی شمولیت؛ اور اپیکس اور فرنٹ لائن ریگولیٹر کے تبصروں کو شامل کیا جائے گا۔

ملائیشیا، تھائی لینڈ، سنگاپور اور بھارت جیسے بہت سے ممالک میں لسٹڈ کمپنیوں کی طرف سے سرمایہ اکٹھا کرنے کی کسی بھی سر گرمی کے لیے ایسی ہی ریگولیشنز ترتیب دی گئی ہیں۔ ایس ای سی پی کی تجاویز پر عوام اپنی آراء اس ای میل ایڈریس پر شئیر کر سکتے ہیں۔
capitalissuefeedback@secp.gov.pk.